Maulana Azad National Urdu University

M.A. : Urdu, II Semester Examination - May - 2019

Paper - MAUR202CCT : Urdu Ghazal

پرچہ : اردوغزل

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:ہدایات:

یہ پرچہٗ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو(200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جوب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال:1

(i) اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر ہے؟

(a) ولی دکنی (b) قلی قطب شاہ (c) سراج اورنگ آبادی (d) فخر دین نظامی

(ii) ناسخ کا تعلق شاعری کے کس دبستان سے ہے؟

(a) دبستانِ دہلی (b) دبستانِ عظیم آباد (d) دبستانِ لکھنؤ (d) دبستانِ رامپور

(iii) رشید احمد صدیقی نے غزل کو اردو شاعری کی کیا قرار دیا؟

(a) معراج (b) عظمت (c) پہچان (d) آبرو

(iv) اردو کا کون سا شاعر غالب شکن کی حیثیت سے مشہور ہے؟

(a) داغ دہلوی (b) علامہ اقبال (c) یاس یگانہ چنگیزی (d) عزیز لکھنوی

(v) مندرجہ ذیل میں سے کس شاعر کے کلام پر تصوف کا غلبہ ہے؟

(a) فانؔی (b) اصغرؔ (c) یگانہؔ (d) جگرؔ

(vi) غالب کا یوم وفات ہے؟

(a) 15/فروری (b) 27/دسمبر (c) 11 /نومبر (d) 31/مارچ

(vii) ناصر کاظمی اردو کے کس کلاسیکی شاعر سے متاثر تھے؟

(a) میر (b) غالب (c) مومن (d) داغ

(viii) فیض کے شعری مجموعے نقشِ فریادی کے دیباچہ نگار ہیں؟

(a) میراجی (b) ن۔م راشد (c) سردار جعفری (d) جاں نثار اختر

(ix) مخدوم کا تعلق کس شہر سے تھا؟

(a) دہلی (b) آگرہ (c) اورنگ آباد (d) حیدرآباد

(x) مندرجہ ذیل میں سے کس شاعر کو گیان پیٹھ ایوارڈ سے نوازا گیا؟

(a) عرفان صدیقی (b) ندا فاضلی (c) شہریار (d) محمد علوی

حصہ دوم

2۔ ''غزل اردو شاعری کی آبرو ہے۔'' اس خیال کی روشنی میں غزل کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی خصوصیات سے بحث کیجیے۔

3۔ غزل کے آغاز و ارتقا کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

4۔ دبستان سے کیا مراد ہے؟ دبستانِ دہلی اور دبستانِ لکھنؤ کی خصوصیات سے بحث کیجیے۔

5۔ مرزا غالبؔ نے اردو غزل کو ذہن عطا کیا ہے۔اس بیان کی روشنی میں کلامِ غالب کا تجزیہ کیجیے۔

6۔ آتش اور ناسخ کی غزلیہ شاعری کا موازنہ کرتے ہوئے دونوں کی انفرادیت کے نقوش واضح کیجیے۔

7۔ اقبال نے اردو غزل کو نئے تصورات سے روشناس کیا۔ مدلل بحث کیجیے۔

8۔ حسرت موہانی نے اردو غزل کو حسن وعشق کے ایک نئے تصور سے ہم آہنگ کیا۔ کیا آپ اس خیال سے متفق ہیں؟ مفصل لکھیے ۔

9۔ درج ذیل اشعار کی تنقیدی تشریح کیجیے۔

باوجودے کہ پروبال نہ تھے آدم کے　　　وہاں پہنچا، کہ فرشتے کا بھی مقدور نہ تھا

....

قاصد نہیں یہ کام ترا اپنی راہ لے　　　اُس کا پیام دل کے سوا کون لا سکے

حصہ سوم

10۔ شعریات سے کیا مراد ہے؟ اردو غزل کی شعریات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

11۔ جدید غزل سے کیا مراد ہے؟ فانیؔ، حسرتؔ اور جگرؔ کے کلام کی روشنی میں جدید غزل کے فروغ میں ان کی اہمیت واضح کیجیے۔

12۔ نئی غزل سے کیا مراد ہے؟ نئی غزل کے حوالے سے شہریار، ناصر کاظمی اور عرفان صدیقی کی اہمیت و انفرادیت کا تجزیہ کیجیے۔

13۔ ترقی پسند غزل سے بحث کرتے ہوئے فیض کی غزل میں ترقی پسند عناصر کی نشاندہی کیجیے۔

14۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تنقیدی تشریح اس طرح کیجیے کہ کلام کے محاسن کی وضاحت ہو جائے۔

نقش فریادی ہے کس کی شوخیِ تحریر کا　　　کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا

....

یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے　　　ہم اور بلبل بے تاب گفتگو کرتے

....

سب کہاں کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہو گئیں　　　خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہو گئیں

☆ ☆ ☆